SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
September 7, 2016
For immediate release

ایس ای سی پی کی جانب سے سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد، ۷ ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے اے ایف فرگسن اینڈ کمپنی کے طلبہ اور ملازمین کے لئے لاہور میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی نے اپنے پیغام میں کہا کہ: میری شدید خواہش ہے کہ ایس ای سی پی اپنے ایسے پروگراموں کے ذریعے معاشرے میں بچت اور سرمایہ کاری کا کلچر فروغ پائے۔ یہ تب ہی ممکن ہے جب ایک فرد خود اپنے مالی معاملات کا ذمہ اٹھائے تاکہ وہ خوب سوچ سمجھ کر سرمایہ کاری کرے اور باخبر فیصلہ سازی کر سکے اس امر کے لئے ضروری ہے کہ سرمایہ کار کے لئے آگہی کو ہر سطح پر بڑھایا جائے۔"

محترمہ خالدہ حبیب، ڈائریکٹر/ہیڈ، انویسٹر ایجوکیشن اینڈ انٹرنیشنل ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ نے سرمایہ کاروں کی فیصلہ سازی کی صلاحیتوں میں بہتری لانے اور ان کے سرمایہ کے تحفظ کے لئے ایس ای سی پی کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس آگہی کے پروگرام میں صنعتی شعبے کی مدد بڑی کارآمد ثابت ہو گی۔ سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کی محترمہ رابعہ فدا نے مالی منصوبہ بندی اور اس کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کی۔ انہوں نے حاضرین کو اپنی مالی منصوبہ بندی کے لئے ضروری اقدامات اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں بتایا۔ جناب آصف بیگ مرزا نے کیپٹل مارکیٹ میں چھوٹی اور بڑی سرمایہ کاری کی اہمیت پر بات کی اور سرمایہ محفوظ رکھنے کے طریق کار کی وضاحت کی۔ جناب شاہد غفار، مینجنگ ڈائریکٹر، نیشنل انوسٹمنٹ ٹرسٹ، نے میوچل فنڈ اور سرمایہ کار کو کن کن چیزوں کا علم ہونا چاہئے کے بارے میں بتایا۔

جناب لیاقت علی ڈولہ، ایڈیشنل رجسٹرار، سی آر او لاہور، نے کمپنی تشکیل کرنے کے طریق کار کی وضاحت کی۔ انہوں نے انٹرپرائزز کی مختلف اقسام اور ان کے فوائد کا ذکر کیا اور کمپنی کی تشکیل کے مرحلوں کے بارے میں حاضرین کو معلومات دیں۔ جناب ناصر الصمد نے بیمہ کے بنیادی اصولوں اور اس کے اسلوب پر روشنی ڈالی۔ ایف فرگوسن اینڈ کمپنی کے خرم اکبر خان نے ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام مستقبل کی سرمایہ کاری ہی ہے۔ انہوں نے نوجوان ٹرینیز کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں مشورہ دیا کہ وہ آگہی کے ایسے پروگراموں سے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں تاکہ وہ احتیاط اور سمجھ داری کے ساتھ سرمایہ کاری کا کاروبار کر سکیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254